تبصرۂ کتب

ابوحامد
جناب اختر راہی ایم اے

تحریک شیخ الہندؒ اور کون کیا تھا؟ از مولانا محمد میاں دہلویؒ ۔ مکتبۂ رشیدیہ لمیٹڈ ۳۲-اے شاہ عالم مارکیٹ۔ لاہور۔ صفحات ۸۴۴ قیمت اعلیٰ ایڈیشن -/۲۵ روپے۔ متوسط -/۱۸ روپے۔

حضرت شیخ الہندؒ کی عالمگیر تحریکِ آزادی جو ریشمی رومال کے نام سے معروف ہے کے بارہ میں خود دشمن (برطانوی استعمار) کی زبانی تفصیلات کا دستاویزی ریکارڈ اس کتاب کے ذریعہ سامنے آ گیا ہے۔ ریشمی خطوط اور اس میں کون کیا تھا؟ کے بارہ میں انڈیا آفس لائبریری لندن میں محفوظ ریکارڈ اور برطانوی انٹیلیجنس رپورٹوں کا مستند ترجمہ جسے مؤرخ شہیر مولانا محمد میاں دہلوی مرحوم نے مرتب کیا اور صدر جمہوریہ ہند نے ایک شاندار تقریب میں اسکا افتتاح فرمایا۔ کتاب کیا ہے؟ جنگِ آزادی کے نام نہاد اور خود ساختہ ہیروؤں کے منہ پر مستند طمانچہ، وقت کی ایک اہم ترین ضرورت کی تکمیل اور برصغیر میں علماء دیوبند کے عظیم الشان سنہری اور مجاہدانہ کارناموں کی نہایت ثقہ داستان۔ کتاب کے آغاز میں ڈیڑھ سو صفحات سے زائد مرتبِ کتاب کے قلم سے نہایت تحقیقی اور تاریخی مقدمہ بھی شامل ہے۔ پاکستان میں معروف اور مشہور طباعتی ادارہ مکتبۂ رشیدیہ لاہور نے نہایت آب و تاب سے کتاب کو شائع کر کے پاکستان کے دینی اور علمی حلقوں پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ ورنہ انڈیا سے کتاب کا حصول جوئے شیر لانے سے کم نہ ہوتا۔ کتاب کے آغاز میں مولانا سید اسعد مدنی کا لکھا ہوا پیش لفظ الحق کے گذشتہ شمارہ میں شائع ہو چکا ہے۔

تاریخ حدیث از ڈاکٹر غلام جیلانی برق ۔ ناشر: مکتبۂ رشیدیہ لمیٹڈ ۳۲-اے شاہ عالم مارکیٹ۔ لاہور صفحات: ۲۰۸ قیمت: -/۱۵ روپے۔

تاریخ تدوین حدیث مصطلحات حدیث، کتب حدیث کے انواع اور دوسرے حصہ میں حروف تہجی کے حساب سے انتخابِ حدیث۔ کتاب معلومات کا مرقع اور اہل علم کے لئے استفادہ کی چیز ہے۔
مؤلف نے انکارِ حدیث کے سلسلہ میں پچھلے غلط مؤقف کا گویا اس کتاب کے ذریعہ کفارہ ادا کر دیا ہے ۔۔۔۔

حق تعالیٰ انہیں مزید خدمات کی توفیق اور مکتبۂ رشیدیہ کو ایسی علمی کتابوں کی اشاعت کی توفیق مزید سے نوازے۔